# مالی سال 2026 میں گاڑیوں کے ایئربیگ آپریشنز پروسیسنگ کے لیے سائٹ پر آڈٹ کا نوٹس

ابتداء موسم گرما کا سلام ! گرامی قدر، ہم ہمیشہ آپ کے بلا توقف تعاون اور، فلوروکاربن اور روزمرہ ایئر بیگوں کی مناسب طریقے سے پروسیسنگ کرنے کے لیے آپ کی مسلسل کاوشوں کے تہہ دل سے مشکور ہیں۔

رواں سال بھی ایئر بیگوں کی غیر معیاری پروسیسنگ کے خاتمے، اور حفاظتی اقدامات پر عمل درآمد کی صورتحال کو چیک کرنے کے لئے، جاپان آٹوموبائل ریسائیکلنگ پارٹنرشپ آرگنائزیشن (ذیل میں آٹو موبائل ریسائیکلنگ پارٹنرشپ کہلائے گی) کے ذریعے **غیر اعلانیہ * مقامی آڈٹ کا انعقاد کیا جائے گا**۔ کچھ افراد کے لیے، جاپان کے وفاقی یا بلدیاتی اداروں کی موجودگی میں معائنے کا انعقاد بھی کیا جائے گا، لہٰذا برائے مہربانی آڈٹ اور معائنہ کو قبول کرنے اور بلا رکاوٹ پیشرفت کے لیے آپ سے تعاون کی درخواست ہے۔

مزید براں، شدید غیرمناسب واقعہ میں ملوث پائے جانے کی صورت میں، ایئر بیگ آن بورڈ آپریشن پروسیسنگ کے کام کی فی الفور پابندی کا اطلاق ہوگا، اور اس دن کے بعد صرف **کھول کر کلیکشن** کی اجازت ہوگی۔ مندرجہ ذیل دستاویز آٹو موبائل ریسائیکلنگ پارٹنرشپ کی ویب سائیٹ پر اپ لوڈ کر دی گئی ہے، لہٰذا آپ سے التماس ہے کہ، اس کو بھی پہلے سے ملاحظہ کرنے کو یقینی بنائیں۔

**1) مقامی آڈٹ کے لیے توجہ طلب اہم نکات**

① سال 2025 کے آن بورڈ آپریشن پروسیسنگ آڈٹ کے وقت غیرمناسب واقعات اور انسدادی اقدامات
② رجسٹریشن کی منسوخی اور عارضی معطلی کے مندرجات کی اہم قابلِ اطلاق مثالیں

**2) ورکشاپ میں تربیت اور موزوں پروسیسنگ کی مکمل آگاہی کا لٹریچر**

① ایئر بیگ آن بورڈ آپریشن پروسیسنگ کاروبار کا معاہدہ
② ایئر بیگ آن بورڈ آپریشن پروسیسنگ کے دوران پابندی کے نکات
③ ٹیکسٹ بُک "موزوں آن بورڈ آپریشن پروسیسنگ کا عمل"
④ ماضی کا آگاہی کا لٹریچر
⑤ موزوں کام کے بارے میں ویڈیو لٹریچر
⑥ آن بورڈ آپریشن پروسیسنگ کے کام پر موزوں عمل درآمد کے لیے اور تربیت کی صورتحال کی تصدیق کے ذرائع یا ٹُول

**3) دیگر اہم نکات**

① مسلسل 1 سال تک آپریشن حوالگی رپورٹ نہ جمع کرانے کی صورت میں، یا متعلقہ ایجنسی کا اسکریپ کے کاروبار کا درست اجازت نامہ جمع نہ کرانے کی صورت میں، ممبر کاروباری ادارے کے طور پر رجسٹریشن منسوخ ہو سکتی ہے ۔
(تفصیلات کے لیے، مذکورہ بالا نمبر1) کا ② ملاحظہ فرمائیں)
② ایئربیگوں کی پروسیسنگ سے متعلق کسی حادثے کی صورت میں ، جتنا ممکن ہو سکے جائے حادثہ کو محفوظ (تصاویر میں بھی محفوظ کرسکتے ہیں) کر کے، فوری طور پر جاپان آٹو موبائل ریسائیکلنگ پارٹنرشپ آرگنائزیشن سے رابطہ کریں۔
(برائے مہربانی پولیس کی ہدایات کو ترجیح دیں)

شکریہ